# 2021

## URDU—HONOURS

## Paper : SEC–A–2

### Urdu Adab Aur Hindustani Film

### Full Marks : 80

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1. درج ذیل میں سے کسی دس (۱۰) سوالوں کے جواب دیجئے۔ 2×10=20

(i) ہندوستانی فلم کے بانی کون ہیں اور پہلی ہندوستانی فلم کا نام کیا ہے؟

(ii) پہلی بولتی فلم کا نام بتائیے اور یہ فلم کب ریلیز ہوئی؟

(iii) آزادی سے پہلے کے کسی دو گلوکارہ کے نام بتائیے۔

(iv) ایسی دو فلموں کے نام بتائیے جو شیکپیئر کے ڈراموں پر مبنی ہے۔

(v) اردو ناول پر بننے والی دو فلموں کے نام بتائیے۔

(vi) فلم ''مغلِ اعظم'' کے ہدایت کار کون ہیں اور اس فلم میں مرکزی کردار کس نے ادا کیا ہے؟

(vii) ناول ''امراؤ جان ادا'' پر کتنی فلمیں بنی ہیں اور اس میں مرکزی کردار کس نے ادا کئے ہیں؟

(viii) فلم ''شعلے'' کے اسکرپٹ رائٹر کون تھے اور یہ فلم کب ریلیز ہوئی ہے؟

(ix) ایسی دو فلموں کے نام بتائیے جس کے لئے شہریار نے گیت لکھے ہیں۔

(x) ''وقت نے کیا کیا حسیں ستم'' یہ کس فلم کا گیت ہے اور گیت کار کون ہیں؟

(xi) ''ہندوستان اور پاکستان'' کے موضوع پر بننے والی دو فلموں کے نام بتائیے۔

(xii) 2021 میں کس اداکار کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ان کی کسی ایک فلم کا نام بتائیے۔

2. درج ذیل میں سے کسی چار سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ **5×4=20**

(i) اپنی پسند کے کسی ایک اداکار کا تعارف پیش کیجیے۔

(ii) کیفی اعظمی کی حالاتِ زندگی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

(iii) شہریار کی حیات وخدمات پر مختصر طور پر روشنی ڈالیے۔

(iv) اپنی پسند کی کسی ایک فلم پر گفتگو کیجیے۔

(v) ایک ایسے اداکار کی زندگی پر روشنی ڈالیے جس کی موت 2020 میں ہوئی ہے۔

(vi) اس گیت کی تشریح مع حوالہ کیجیے۔

یہ پُر پیچ گلیاں یہ بدنام بازار
یہ گمنام راہی، یہ سکوں کے جھنکار
یہ عصمت کے سودے یہ سودوں پہ تکرار
جنہیں ناز ہے ہند پہ وہ کہاں ہیں
کہاں ہیں، کہاں ہیں، کہاں ہیں

3. درج ذیل میں سے کسی چار (۴) سوالوں کے جواب دیجیے۔ **10×4=40**

(i) ہندوستانی فلم کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

(ii) فلم ہمارے سماج کا آئینہ ہے۔اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

(iii) ساحرلدھیانوی کو بحیثیت گیت کار پیش کیجیے۔

(iv) ہندی فلموں کے گیتوں پر اردو کے اثرات پر بحث کیجیے۔

(v) کیفی اعظمی کی گیت کاری کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

(vi) ہندوستانی فلم کے موضوعات پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔